Posted On Kitab Nagri



کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

"اَن چاہی محبت"

"مہک غفور(ایم-ایس سکالر)"

تعارف

اس کہانی کے مصنفہ یعنی میرا نام "مہک غفور" (ایم-ایس سکالر) ہے۔میں چک اختیار نامی سیالکوٹ کے ایک چھوٹے سے گاؤں کی رہنے والی ہوں۔مجھے شعر و شاعری کرنا،افسانہ اور ناول لکھنا بہت پسند ہے۔میں نے چند ماہ قبل باقاعدہ قلمی آزمائش کے کام آغاز کیا تھا۔مگر اس سے پہلے بھی میں کچھ نہ کچھ لکھتی رہتی تھی۔الحمدللہ میری شاعری ،افسانہ اور ناول پبلیش بھی ہو چُکے ہیں۔میری ماما (نبیلہ غفور)میری فیملی کا بہت شکریہ جنھوں نے مجھے اتنا سپورٹ کیا۔اور شکریہ اُن سب دوستوں اور پڑھنے والوں کا جنھوں نے میری حوصلہ افزائی کی۔

دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

شکریہ

Posted On Kitab Nagri

"مہک غفور"

"اَن چاہی محبت"

"مہک غفور(ایم-ایس سکالر)"

یہ کہانی ایک لڑکی کی ہے جس کا نام "خوشبو" ہے۔جو اپنی ماں کے ساتھ رہتی ہے۔جب خوشبو سات سال کی تھی تو اُس کے والد کا انتقال ایک حادثے میں ہو گیا تھا۔خوشبو کی ماں جس کا نام " انمول" ہے ،وہ چاہتی ہے کے اُن کی بیٹی پڑھ لکھ کر اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائے۔اور دوسری طرف خوشبو بھی یہی چاہتی ہے،پر وہ کھل کر اپنی زندگی جینا چاہتی ہے بنا لوگوں کی پروا کیے۔کیونکہ اُس کے لیے یہ بات کبھی بھی اہم نہیں کہ لوگ کیا کہے گے ؟ کیو نکہ لوگوں کا کام بس باتیں کرنا ہی تو ہوتا ہے ،وہ ایک آزاد خیال لڑکی ہے اللہ کے سوا کسی سے نا ڈرنے والی ،پر اپنی ماں کے سامنے بےبس ہو جاتی۔کیونکہ وہ اُن کی آنکھوں میں آنسوں نہیں دیکھ سکتی۔www.kitabnagri.com

خوشبو گریجویشن کے رزلٹ آنے کے انتظار میں ہے ، جس کے بعد وہ اپنی ایک نئ زندگی کا آغاز کرنے والی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

خوشبو تو کسی اور ہی خیالوں میں تھی پر اُسے کیا پتا تھا کہ آنے والے وقت میں اُس کی (زندگی ایک نیا موڑ لینے والی ہے۔

خوشبو کو پیار ،محبت نام کی چیزوں پر بلکل یقین نہیں تھا۔اُس کے خیال میں یہ سب کچھ فلموں ،ڈراموں اور ناولز وغیرہ میں ہی ہوتا ہے اصل زندگی میں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔اور وہ ان سب کے بارے میں سوچتی بھی نہیں کیو نکہ اُس کے خیال کے مطا بق اُسے کبھی کسی سے پیار نہیں ہو گا ،پر اُسے کیا پتا ہے کہ اُس کی زندگی میں کیا ہونے والا ہے۔

خوشبو کو گھر کے کام کرنا بہت پسند ہے پر ابھی اُسے کچھ بھی بنانا نہیں آتا،وہ ابھی کالج سے فری تھی تو اور وہ اپنی ماں سے کہتی ہے کے مجھے بھی کھانا پکانا سیکھنا ہے جس پر اُس کی ماں بہت زور سے ہنستی ہے۔(ہاہاہاہاہا)خوشبو اپنی ماں سے محاطب ہو کر:

www.kitabnagri.com

"ماما !آپ جانتی ہے نا میں جو بھی کام دل لگا کر کرتی ہو وہ میں بہت جلدی سیکھ جاتی ہوں،پھر بھی آپ ایسے میرا مذاق کیوں اُڑا رہی ہیں؟"

"نہیں بیٹا ،میں اپنی پیاری سی بیٹی کا مذاق نہیں اُڑا رہی بلکہ مجھے تو خوشی ہو رہی ہے کہ میری پیاری سی خوشبو اب بڑی ہو گئی ہے اور اپنی ماں کے ساتھ گھر کے کام کرے گی۔"

"ماما کیا سچ میں اب آپ کی بیٹی بڑی ہو گئی ہے؟ اب کیا آپ میری شادی کر دے گی ؟"

Posted On Kitab Nagri

خوشبو کی بات سن کر دونوں ماں بیٹی ہنسنے لگی۔اور رات کے کھانے کی تیاریوں میں لگ گئی۔آج خوشبو بھی اپنی ماں کے ساتھ کچن میں تھی اور اُن کے ساتھ کھانا بنا رہی تھی۔آج اُس نے پہلی دفعہ کچھ بنایا تھا،بہت اچھا تو نہیں بنا پر اُس کی ماں نے اُس کی حوصلہ افزائی کی اور بولا کچھ دن مزید بناؤ گی تو مجھ سے بھی زیادہ اچھا کھانا بنایا کرو گی۔۔۔۔

آج سوموار کا ایک خوشگوار دن ہے۔خوشبو کچن میں گول گپے بنانے میں مصروف ہے جس کی ریسپی اُس نے انٹر نیٹ سے دیکھی ہے۔خوشبو کی ایک دوست جس کا نام " ثناء" ہے وہ اُسے میسج اور کال کر رہی ہوتی ہے پر خوشبو کو کوئی خبر نہیں ،جب خوشبو کی ماما نے کا ل اٹھائی تو ثناء بغیر پوچھے کے کس نے کال رسیو کی ہے:www.kitabnagri.com

"اسلام علیکم ! خوشبو کی بچی کہا تھی ؟ میں کب سے میسج پر میسج اور کال کر رہی ہو پر اٹھا کیوں نہیں رہی ، خیر تو ہے نا؟ اب بولو بھی کچھ بول کیوں نہیں رہی؟"

"ارے میری بات سنو ! ثناء۔۔۔۔ثناء میں ہوں خوشبو نہیں ۔وہ تو کچن میں ہے۔"

"سوری آنٹی مجھے لگا خوشبو ہے مجھے اُس سے بات کرنی ہے۔ویسے وہ کر کیا رہی ہے کچن میں ؟"

"بیٹا وہ گول گپے بنا رہی ہیں۔"

"(ہاہاہاہاہا) آنٹی اچھا مذاق تھا ویسے۔"

Posted On Kitab Nagri

"بیٹا میں بھی ایسے ہی حیران ہوئی تھی جب اُس نے مجھے پہلی دفعہ بولا کے میں کھانا بنانا سیکھنا ہے۔میری بھی ہنسی نہیں رُو کی ،پر اب وہ کافی اچھا کھانا بنانے لگ گئی ہے۔"

"واہ! کیا بات ہے۔پر آنٹی مجھے ابھی بھی یقین نہیں ہو رہا اس بات پر۔"

"بیٹا یقین کر لو۔ویسے آج ہماری یاد کیسے آگئی ثناء کو؟"

"اہ !میں تو بتانا ہی بھول گئی جس کے لیے کال کی تھی۔آنٹی ہمارا رزلٹ آگیا ہے۔الحمداللہ! ہم اچھے نمبروں سے پاس ہو گئے ہیں اور آپکی بیٹی تو مجھ سے آگے نکل گئی۔"

"کیا مطلب میں سمجھی نہیں؟"

"آنٹی خوشبو کے نمبر مجھ سے بھی زیادہ ہے۔۔۔بہت بہت مبارک ہو آپکو۔"

"خیر مبارک، آپکو بھی بہت مبارک ہو ،اللہ پاک ایسے ہی ہمیشہ کامیابی عطا کرے آمین"!

"آمین ثم آمین! اچھا آنٹی آپ خوشبو سے کہنا میں اُسے بعد میں کال کرو گی اُتنی دیر میں باقی سب کو بھی رزلٹ کے بارے بتا دو۔۔www.kitabnagri.com۔۔"

انمول جلدی سے کچن کی طرف گئی اور جا کر خوشبو کو گلے سے لگا لیا اور اُسے پاس ہونے پر مبارک باد دی۔خوشبو بھی بہت خوش تھی کیونکہ اب وہ یونیورسٹی میں جائے گی۔(اور یہی سے خوشبو کی زندگی کا ٹرنگ پوائنٹ شروع ہوتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

خوشبو اور اُس کی دوست ثناء دونو ں ایک ساتھ یونیورسٹی میں ایڈمیشن لیتی ہے۔ایک دن خوشبو ثناء کو کسی لڑے سے بات کرتے ہوئے سنتی ہے۔اور خوشبو کے پوچھنے پر ثناء اُسے بتاتی ہے کہ وہ اُس لڑکے کو پسند کرتی ہے اور شادی کرنا چاہتی ہے۔پر لڑکے کا کہنا ہے کہ اُس کے گھر والے نہیں مانے گے، پر وہ کو شش کرے گا۔

"ثناء! کیا تمہیں لگتا ہے کہ یہ سب جو تم کر رہی ہو وہ ٹھیک ہے ؟"

"پیار کرنا کوئی بُری بات تو نہیں ہے نہ،اور یہ پیار کیا نہیں جاتا بس ہو جاتا ہے۔"

"یہ باتیں میں بہت بار فلموں میں سُن چُکی ہو۔پر اصل زندگی اور فلموں میں بہت فرق ہوتا ہے۔اگر وہ لڑکا اچھا نا نکلا تو کیا کرو گی تم؟"

"تم فکر نا کرو وہ بہت اچھا ہے۔تم ایک بار اُس سے ملو گی نا تو تمہیں سب پتا لگ جائے گا۔"

"اچھا ٹھیک ہے اگر تمہیں اچھا لگتا ہے تو وہ اچھا ہی ہو گا۔چلو ابھی کلا س میں نہیں تو میم نے ہمیں سہی طرح اچھا کر دینا ہے۔"

www.kitabnagri.com

کچھ دن بعد خوشبو محسوس کرتی ہے کہ ثناء کچھ پریشان ہے۔پر ثناء اُسے کچھ نہیں بتاتی ، ثناء خوشبو کو بتائے بنا کلاس روم سے باہر چلی جاتی ہے۔پر اپنا موبائل وہی چھوڑ جاتی ہے۔ثناء کے موبائل پر میسج آ رہے ہوتے ہے جب خوشبو میسج خوشبو دیکھنے کے لیے اُس کا موبائل پکڑتی ہے ،(کیونکہ اُن دونوں میں ایک دوسرے کی چیزوں کو استعمال کر نے میں کوئی پابندی

Posted On Kitab Nagri

نہیں تھی۔(وہ میسج ثناء کے بوائے فرینڈ "عدیل " کے ہوتے ہیں۔ جن کو پڑھنے کے بعد خوشبو کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل جاتی ہے کہ یہ کتنا بدتمیز قسم کا انسان ہے جیسے پتا ہی نہیں کہ بات کیسے کرتے ہے۔اور اُو پر سے گالی گلوچ کر رہا ہے۔خوشبو سوچتی ہے اگر اس انسان سے میری دوست کی شادی ہو گئی تو اُس کی زندگی خراب ہو جائے گی۔

وہ بھاگتی ہوئی باہر جاتی ہے پر ثناء اُسے کہی بھی نظر نہیں آتی ،پھر اُس کی ایک کلاس فیلو اُسے بتاتی ہے کہ ثناء گراؤنڈ میں بیٹھی ہے۔وہ بھاگی بھاگی ثناء کے پاس جاتی ہے اور اُسے بولتی ہے،

"یہ کس قسم کا انسان ہے اور ایسے کیسے بات کرتا ہے تم سے، کیا تم ایسے انسان سے شادی کرو گی؟ یہ انسان تمہاری زندگی خراب کر دے گا ،جو ابھی ایسے کر رہا ہے بعد میں پتا نہیں کیا کرے گا۔"

پر ثناء خوشبو کی بات کو سمجھنے کی بجھائے اُس پر بھڑک جاتی اور غصے میں بولتی ہے کہ،

"تم کون ہوتی ہو عدیل کو بُرا کہنے والی۔"(کیونکہ اُس کی آنکھوں میں محبت کی پتی پڑی ہوئی تھی، جس کی وجہ سے اُسے سہی اور غلط کا فرق بھول گیا تھا)۔www.kitabnagri.com

خوشبو سمجھ جاتی ہے کہ ابھی ثناء سے کوئی بھی بات کرنا ٹھیک نہیں ہو گا۔اِسی لیے وہ اُسے کچھ وقت کے لیے اکیلے چھوڑ کر چلی جاتی ہے ،پر ثناء اُس سے ملے بنا گھر چلی جاتی ہے۔پر

Posted On Kitab Nagri

اُسے احساس ہوتا ہے کہ اُس نے غلط کیا ہے۔اور وہ دل ہی دل میں کہتی ہے میں صبح جا کر خوشبو سے سوری کر لو گی اور وہ یقیناً سمجھے گی اُس کی بات کو۔

صبح جب ثناء یو نیورسٹی جاتی ہے، تو جاتے ہی خوشبو کے گلے لگ کر معافی مانگتی ہے۔اور پھر اُسے بتاتی ہے کے وہ کل بہت پریشان تھی اس لیے اُسے سمجھ ہی نہیں آیا کہ وہ کیا بول رہی ہے۔خوشبو بہت ہی اطمنان سے اُسے بولتی ہے،

"کوئی بات نہیں میں سمجھ سکتی ہوں اور مجھے تمہاری باتوں کا بلکل بھی بُرا نہیں لگا۔پر مجھے اس بات کا بُرا ضرور لگا کے جس انسان سے تم اتنا پیار کرتی ہو وہ تمہاری عزت تک نہیں کرتا۔میرے خیال میں جو انسان آپ کی عزت نہیں کر سکتا وہ آپ کو پیار کیا کرے گا۔"

ثناء زاور قطار رونے لگ جاتی ہے۔

"میرے بہن تم ٹھیک کہتی ہو یہ پیار محبت دھوکے کے سوا کچھ نہیں ہے۔جسے میں اتنا پیار کیا وہ دھوکے باز نکلا۔وہ صرف مجھ سے ہی نہیں اور بھی بہت سی لڑکیوں کی زندگی کے ساتھ کھیل رہا ہے۔جو "مریم"نام کی لڑکی ہمارے ساتھ کالج میں پڑھتی تھی ،وہ ملی تھی مجھے اور بتا رہی تھی کے اُسے ایک لڑکا پسند کرتا ہے اور اُس سے ملنا چاہتا پر اُسے سمجھ نہیں آرہی کیا کرے اور میرے پوچھنے پر اُس نے بتا یا وہ عدیل ہے جو اکیڈمی میں ہمارے ساتھ پڑھتا تھا۔" www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"جو ہونا تھا وہ ہو گیا آب ایسے انسان کے لیے رونے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ اُس کو ضرور سزا دے گا۔ثناء اپنے آپ کو سمبھالو اور بھول جاؤ ،وہ تمہارے لائق ہی نہیں تھا ،میں تمہارے لیے ایک بہت ہی اچھا لڑکا ڈھونڈوں گی۔"

ثناء اپنی دوست کی بات سُن کر ہنسنے لگ جاتی ہے اور پکا اِرادہ کر لیتی ہے کہ آج کے بعد کسی پر بھروسہ نہیں کرے گی۔آج جو لڑکی اپنی دوست کو سمجھا رہی ہے کہ یہ پیار ، محبت سب فضول ہے۔اُسے نہیں اندازہ کے آج اُس کی زندگی ایک نیاء موڑ لینے والی ہے۔

آج گھر جاتے ہوئے خوشبو کو کسی انجان نمبر سے میسج آنے لگے ،پر اُس نے جواب دینا ضروری نا سمجھا۔پر وہ میسج آتے رہے جس کے جواب نا دیے پر کال آنا شروع ہو گئی۔خوشبو غصے سے کال رسیو کی اور بہت غصے سے بولی ،پر آگے سے بہت ہی اچھے انداز میں دھیمے لہجے میں ایک لڑکا بولا،اُس نے سلام لی اور بولا ! کیا آپ میری بات "عمران صاحب" سے کروا سکتی ہے؟ خوشبو حیرانی سے کون عمران صاحب ؟ لگتا آپ کا غلط نمبر مل گیا ہے۔ویسے آپ ہے کون؟

"جی مجھے کچھ کام تھا عمران سے تو سوری مجھے غلطی لگ گئی۔"خوشبو کا غصہ اُس کی بات سُن کر ذرا ٹھنڈا ہو چکا تھا اور وہ کسی اور ہی سوچ میں گم تھی۔آگے سے کوئی جواب نا ملنے پر اُس اجنبی نے ایک دفعہ پھر سے کہا سوری، www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

خوشبو اپنے خیالوں سے باہر نکلتے ہو ئے بولی کوئی بات نہیں اور کال بند کر دی۔خوشبو کو لگ رہا تھا کہ شاید یہ عدیل ہے جو اُسے کال کر رہا ہے۔کیونکہ اُس کی وجہ سے ثناء نے اُس سے سارے رشتے جو ختم کر دیے ہیں۔کچھ دیر بعد خوشبو بنا کچھ سوچے پھر سے وہ نمبر ملاتی ہے اور پوچھتی ہے ،کیا وہ عدیل بات کر رہا ہے؟

"نہیں میں عدیل نہیں ہوں۔"

"اگر آپ عدیل نہیں تو آج ہی کیوں مجھے کال کر رہے ہے۔جس دن ثناء نے آپ سے سارے تعلق ختم کر دیے ہیں۔"

"لگتا ہے آپ کچھ پریشان ہے ،پر میں سچ بول رہا ہیں میں عدیل نہیں ہوں اور نا ہی اس نام کے کسی انسان کو جانتا ہو۔اگر آپ اپنی پریشانی بتا دے گی تو ہو سکتا میں آپکی کچھ مدد کر سکو۔"

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں ،مجھے لگا میری دوست کا بوائے فرینڈ ہے۔جس کو میری وجہ سے میری دوست نے چھوڑ دیا ہے۔www.kitabnagri.com"

"یہ تو بہت غلط کیا آپ نے کسی کے درمیان ایسے فاصلے پیدا کرنا تو بہت بُری بات ہے۔"

"میں اُن کے درمیان کوئی فاصلے پیدا نہیں کیے ،بلکہ ایک لڑکی کی زندگی خراب ہونے سے بچائی ہے۔وہ انسان کسی کے بھی ساتھ رہنے کے لائق نہیں۔کیو نکہ اُسے پتا ہی نہیں کہ کسی

Posted On Kitab Nagri

کی عزت کیسے کرتے ہیں۔وہ بس لڑکیوں کی زندگی کے ساتھ کھیلتا ہے ،اگر وہ کبھی میرے سامنے آگیا تو جان لے لو گی اُس کی۔"

"سوری! مجھے نہیں تھا پتا کہ آپ نے یہ سب اس وجہ سے کیا ہے۔پر پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتی،جہاں اس دنیا میں بُرے لوگ ہیں ویسے ہی بہت سے اچھے لوگ بھی موجود ہیں۔"

"جی بلکل پر کسی پر یقین نہیں کرنا چاہیے۔اور ساتھ ہی کال بند کر دیتی ہے۔اور سوچتی ہے میں کیوں کسی اجنبی سے ایسے بات کر رہی تھی ؟ میرا دماغ تو ٹھیک ہے نا ؟اُف یہ کیا کر رہی ہوں میں۔مجھے سو جانا چاہیے۔"

صبح خوشبو فجر کی نماز اپنی ماں کے ساتھ ادا کرتی ہے اور یونیورسٹی جانے کی تیاری میں لگ جاتی ہے۔پر رات والی بات اُس کے دماغ میں ابھی بھی چل رہی ہوتی ہے۔کیا اُس نے کسی اجنبی سے بات کی اور وہ بھی ایک لڑکے سے ، میں کیوں سوچ رہی ہو اُس کے بارے میں؟

کچھ دنوں کے بعد خوشبو کی ماں اُسے بتاتی ہے کہ آج اُن کے ہاں کوئی کرایہ پر رہنے آر ہا ہے۔جس کی سفارش اُس کے پاپا کے کزن نے کی ہے۔جو کچھ خوشبو کے ساتھ ہو رہا

Posted On Kitab Nagri

تھا وہ ثنا ء کو بتانا چاہتی ہے پر بتا نہیں پاتی اور بس اتنا ہی پوچھتی ہے۔

www.kitabnagri.com

"کیا اُس کی عدیل سے کوئی بات ہوئی ؟"

جس کے جواب میں ثناء اُسے بتاتی ہے کہ ،"میں اُس سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتی اور نہ ہی میں کوئی بات کی ہے۔"

خوشبو کو ثناء کی بات سُن کر اتنا تو اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ رات کو جس نے کال کی تھی وہ سچ بال رہا تھا۔

اسی طرح دو مہینے گُزار جاتے ہیں۔ایک شام کو خوشبو گھر آتی ہے تو اُسے پتا چلتا ہے کہ اُن کے گھر ایک لڑکا کرایہ پر رہنے آیا ہے، جس کا نام "رضوان" ہے۔اور اُس کے کھانے کا انتظام بھی انہوں نے کرنا ہے۔کیونکہ پاس کوئی ہوٹل نہیں ہے جہاں سے وہ کھانا کھا سکے۔

جب رضوان رات کو کھانے کے لیے آتا ہے تو خوشبو اپنے کمرے ہوتی ہے وہ رضوان کو نہ ہی دیکھتی اور نہ ہی اُسے ملتی ہے۔جب انمول خوشبو کو کھانے پر بُلانے کے آواز دیتی ہے تو وہ کہہ کر آنے سے منا کر دیتی ہے، کہ وہ اپنے یونی پرجیکٹ پر کام کر رہی ہے اور کھانا بعد میں کھا لو گی۔رضوان مڑ کر دیکھتا ہے۔

وہ اجنبی رات کو خوشبو کو کال کرتا ہے اور خوشبو وہ کال اُٹھا لیتی ہے اور بات کرتی ہے ،

Posted On Kitab Nagri

"میں آپ کا حال پوچھنے کے لیے کال کی ہے آپ کو بُرا تو نہیں لگا۔"

جس کے جواب میں خوشبو اُسے کہتی ہے کہ،" نہیں میں خود بھی آپ سے بات کرنا چاہتی تھی۔میں آپ کو کوئی اور سمجھ کر کافی بُرے انداز سے بات کی ،سوری۔"

وہ اجنبی بس خوشبو کی آواز سُن رہا تھا جو کے اُسے بہت اچھی لگ رہی تھی۔جیسے کیسی معصوم سے بچے سے بات کر رہا ہو جو اُسے اپنی طرف متوجہ کر رہا ہو۔اُس کی طرف سے کوئی جواب نا آنے پر خوشبو پھر اُسے آواز دیتی ہے۔www.kitabnagri.com

"کیا آپکو میری آواز آرہی ہے ؟"

جس کے جواب میں وہ اجنبی شخص فوراً سے کہتا ہے۔

"جی جی مجھے آرہی ہے۔"

اور وہ کہتا ہے کہ کیا میں آپکو کبھی کبھی کال کر کے آپ کی خیرایت دریافت کر سکتا ہو جس کا جواب خوشبو مثبت میں دیتی ہے۔

صبح فجر کے بعد خوشبو صحن میں ٹہل رہی ہوتی ہے تو وہ دیکھتی ہے چھت کی لائٹ آن ہے۔وہ دیکھنے کے لئے چھت پر آتی ہے کہ کسی سے ٹکڑا جاتی ہے اور گھبرا کر شور مچانے لگ جاتی ہے چور چور ،تب ہی کو ئی اُس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر دھیمے لہجے سے اُسے کہتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

"آپ گھبرائے نہیں میں چور نہیں ہوں۔"

خوشبو بس اُس کی آنکھوں میں دیکھتی رہ جاتی ہے وہ اُس کے بہت پاس ہوتا ہے۔اتنا پاس کے وہ اُس کی سانس کو محسوس کر پا رہی ہوتی ہے۔اُسے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہوتا کہ یہ کیسا احساس ہے ،کیونکہ آج سے پہلے اُس نے کبھی ایسا محسوس ہی نہیں کیا ہوتا۔وہ وہاں سے بھاگ کر نیچے آ جاتی ہے۔

اُسے ایک الگ ہی قسم کا احساس ہو رہا تھا جو اُس نے کبھی محسوس نہیں کیا تھا۔ناشتے کے وقت خوشبو بھی وہاں موجود تھی جب رضوان آیا اُسے ابھی بھی وہی احساس ہو رہا تھا۔پر وہ کچھ بول نا سکی اور چُپ چاپ ناشتہ کرتی رہی۔وہ پوچھنا چاہتی تھی اُس سے کہ کیا صُبح چھت پر وہ تھا ؟پر انمول بھی وہاں موجود تھی تو وہ پوچھ نا سکی اور ناشتہ کر کے یونیورسٹی جانے کے لیے نکل گئی۔اور رضوان بھی اُس کے پیچھے گیا اور اُسے آواز دی ،سُنے! خوشبو نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ رضوان تھا۔www.kitabnagri.com

"میرا نام رضوان ہے۔"

)خوشبو ابھی بھی اُس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی کہ کیا یہی تھا وہ جس کے ساتھ صُبح وہ ٹکرائی تھی(

Posted On Kitab Nagri

"وہ کوئی چور نہیں تھا جس کے ساتھ آپ ٹکرائی تھی، وہ میں تھا۔پر آپ میری بات سُنے بنا ہی وہاں سے آگئی۔"

"وہ میں گھبرا گئی تھی،مجھے لگا پتا نہیں کون ہے جو اس وقت چھت پر گھوم رہا ہے۔"

"کیا آپ کو انمول آنٹی نے بتایا نہیں تھا میرے آنے کے بارے میں ؟"

"بتایا تھا لیکن میرے ذہین سے نکل گیا تھا۔"

اِتنے میں اُس کی گاڑی آجاتی ہے اور وہ یونیورسٹی چلی جاتی ہے۔وہاں جا کر بھی خوشبو بس رات کے بارے سوچتی رہتی ہے۔پر ثناء سے کوئی بھی بات شیئر نہیں کر پاتی،اور یونی آف ہونے کا انتظار کر رہی ہوتی ہے۔جب وہ گھر جاتی ہے تو دیکھتی ہے اُس کی ماما گھر نہیں ہوتی اور اسی بہانے وہ چھت پر جاتی ہے پوچھنے کے لیے۔اسی بہانے وہ رضوان سے مل بھی لے گی۔خوشبو چھت پر جاتی ہے اور پوچھتی ہے کیا میں اندار آ سکتی ہو ۔

www.kitabnagri.com

"آئیں آئیں ! ایسے پوچھ کر شرمندہ کیوں کر رہی ہے ،یہ آپ کا ہی گھر ہے جہاں مرضی آ جا سکتی ہے۔"

"میں ماما کا پوچھنے آئی تھی ،کیا آپ کو پتا ہے وہ کہاں ہے ؟"

Posted On Kitab Nagri

"جی وہ بازار گئی ہیں ،مجھے بتایا تھا اُنہوں نے کہ میں آپکو بتا دوں۔"

"اچھا، ویسے آپ کیا لکھ رہے ہیں ؟آپکو دائیڑی لکھنا پسند ہے کیا؟"

"نہیں میں تو بس اپنی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات لکھ رہا تھا ،اور کچھ بھی نہیں۔"

"کیری آن۔"

خوشبو کو صبح یونیورسٹی جانا تھا پر اُس کی وین خراب ہو جاتی ہے۔ رضوان بھی اپنے کام سے کہی جا رہا ہوتا ہے ،اور اُسے دیکھتا ہے کہ آج خوشبو یونیورسٹی کے لیے تیار تو ہوئی ہے پر جا کیو ں نہیں رہی۔

" آنتی کیا کو ئی پریشانی ہے ؟"

"بیٹا خوشبو کی وین خراب ہو گی ہے ،اور آج اُس کا کوئی پروجیکٹ ہے اور کوئی گاڑی ارینج نہیں ہو رہی۔"

www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"رضوان کہتا ہے میں بھی اُسی طرف جانا ہوتا ہے میں چھوڑ دیا کرو گا خوشبو کو اور آتے ہوئے لے بھی آیا کرو گا۔آپ فکر نا کریں۔www.kitabnagri.com"

ایسے کچھ دنوں میں دونوں کی کافی اچھی دوستی ہو جاتی ہے۔ایک دوسرے سے باتیں شیئر کرنا، خوشبو کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کیا ہو رہا ہے اُس کے ساتھ پر اُسے رضوان اچھا لگ رہا تھا۔اُس کے بارے سوچنا خوشبو کو سکون دے رہا تھا۔دن گزر رہے تھے اور خوشبو کو رضوان سے نا چاہتے ہوئے بھی پیار ہو رہا تھا۔وہ خود بھی بہت حیران ہوتی ہے کہ کیا یہ میں ہی ہوں جس نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ اُسے کسی سے پیار بھی ہو گا۔صبح کا ناشتہ ساتھ

Posted On Kitab Nagri

کرنا ،رات کا کھا نا ساتھ کرنا، فارغ وقت میں رضوان سے باتیں کرنا سب اُسے اچھا لگ رہا تھا۔ایک رات کو جب خوشبو چھت پر جاتی ہے تو وہ دیکھتی ہے کہ رضوان کسی لڑکی سے بات کر رہا ہوتا ہے ،اور خوشبو کے پوچھنے پر رضوان اُسے بتاتا ہے کہ وہ پڑوس میں سویرا نامی لڑکی رہتی ہے اُس سے بات کر رہا تھا ، پتہ نہیں اُسے کیا کام تھا اور مجھے یہ بھی نہیں پتہ ؟

خوشبو کو یہ بات سُن کر بہت جلن ہوئی اور وہ غصے میں رضوان سے بات کرتی ہے کہ یہ اچھی لڑکی نہیں ہے۔www.kitabnagri.com

"اُس سے دور رہے اور میں نہیں چاہتی کہ آپ اُس سے بات کریں۔"

رضوان بات سُن کر حیران تھا کہ اچانک کیا ہو گیا ہے جو خوشبو ایسے بات کر رہی ہے۔خوشبو بہت حیران تھی کہ وہ کیا کر رہی ہے۔پر شاید پیار میں ایسے ہی ہوتا ہے ہم سے بلکل بھی برداشت نہیں ہوتا کہ ،جس سے ہم پیار کرتے ہیں وہ کسی اور کو دیکھے۔خوشبو فیصلہ کرتی ہے کہ وہ رضوان کو سب بتا دیں۔پر اچانک سے اُس کے دماغ میں خیال آتا ہے کہ وہ تو پیار کرنے لگ گئی ہے رضوان سے۔پر کیا رضوان بھی اُسے پیار کرتا ہے؟اب وہ اُن سوچوں میں تھی جو اُس نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا،ڈر لگ رہا تھا کہ رضوان کیا بولے گا ؟ اُس کا

Posted On Kitab Nagri

سر درد سے پھٹ رہا تھا پر دماغ میں یہی سوال کہ رضوان کا جواب کیا ہو گا۔جب وہ اُسے بتائے گی کہ وہ اُس سے پیار کرتی ہے۔

وہ اجنبی ہر ہفتے بعد خوشبو کو کال کرتا اور اُس کا حال پوچھتا اور کال رکھ دیتا۔ایک دن جب اُس نے کال کی تو خوشبو کافی پریشان تھی۔تو اُس نے اُسے ریلکس کرنے کے لیے بولا:

"سچ میں میرا نام عدیل نہیں ہے اور نا ہی میں کسی عدیل نامی لڑکے کو جانتا ہوں۔"

اس بات پر خوشبو بہت زور سے ہنسی۔

"آپ بُرا نا مانے تو میں آپ سے ایک بات پوچھ سکتا ہیں؟"

" جی پوچھے،میں بُرا نہیں مانو گی۔"

"میں آپ کا نام جاننا چاہتاہوں؟"

پر خوشبو نے اُسے اپنا اصل نام بتانا اچھا نہیں لگا اس لئے اُس نے اُسے اپنا نام ثناء بتایا۔خوشبو کو اسے کسی سے بات کرنا بہت عجیب لگ رہا تھا۔خوشبو نے اُس کا نام تک جاننا ضروی نا سمجھا۔اُس اجنبی نے بس خوشبو کی آواز سُنی تھی اور اُسے دل دے بیٹھا تھا۔خوشبو زیادہ اچھے طریقے سے اُس سے بات تک نا کرتی تھی ،پر وہ پھر بھی ہر ہفتے بعد اُسے کال کرتا اور اُس کی خیرایت دریافت کرتا اور کال بند کر دیتا۔

Posted On Kitab Nagri

خوشبو ثناء سے سب شیئر کرنا چاہتی تھی پر وہ کچھ نہیں کہہ پاتی۔اور ثناء کے علم میں یہ بات ہوتی ہے کہ میری دوست کبھی کسی سے محبت کر ہی نہیں سکتی۔ثناء خوشبو کو بتاتی ہے کہ اُس کا رشتہ پکا ہو گیا ہے اُس کے مامو کے گھر ،اور وہ بہت اچھا لڑکا ہے۔خوشبو کو بھی بہت خوشی ہوتی ہے کہ اب وہ اُس دوکھے باز عدیل کو بھول جائے گی۔خوشبو اپنے ہی خیالوں میں ہوتی ہےاور فیصلہ کرتی ہے کہ وہ رضوان کو سب بتا دے گی ، کہی ایسا نا ہو کہ بہت دیر ہو جائے۔اور کوئی اُسے مجھ سے دور نا کر دے۔پھر اُسی اجنبی کی کال آتی ہے اور وہ کا فی گھبرایا ہو ا لگ رہا ہوتا ہے۔www.kitabnagri.com

"کیا آپ ٹھیک ہیں؟"

"جی میں ٹھیک ہوں پر ایک بات ہے میرے دل میں ،اور سمجھ میں نہیں آ رہا میں کیسے کہوں۔"

"کیوں۔۔۔ایسی کونسی بات کرنی ہے ،جس کی وجہ سے آپ اتنا گھبرا رہے ہیں۔"

"ثناء اگر میں آپ سے کچھ کہوں اور آپ کو بُرا لگے تو ؟"

"آپ بتائیں ،مجھے بُرا کیوں لگنا ہے۔"

"میں وہ میں۔۔۔۔۔"

"کیا آپ بتائے میں سُن رہی ہوں۔"

Posted On Kitab Nagri

"میں جانتا ہو آپ کو میرے بارے کچھ نہیں پتا نا ہی آ پ نے مجھے دیکھا۔میں نے بھی آپ کو نہیں دیکھا،ہو سکتا ہے یہ آپ کو عجیب لگے پر-----www.kitabnagri.com"

"پر کیا؟"

"مجھے آپ سے پیار ہو گیا ہے۔"

"(حیرانی سے) پیار مجھ سے آپ تو مجھے جانتے تک نہیں ،دیکھا تک نہیں اور پیار ،کمال ہے ۔"

"مجھے پتا تھا آپ کو بہت عجیب لگے گا پر سچ یہی ہے ، مجھے آپ کی آواز اچھی اور میٹھی لگتی ہے۔جس کی آواز اتنی پیاری ہے وہ خود کتنی پیاری ہو گی۔"

"دیکھیں !آپ کو کچھ غلط فہمی ہو رہی ہے میر ے ذہین میں ایسی کوئی بات نہیں۔اور ویسے بھی میں کسی اور سے پیار کرتی ہوں۔"

"(اُس کا تو جیسے دل ہی ٹوٹ گیا ہو پر وہ پھر بھی بولا) کون ہے وہ جیسے آپ پیار کرتی ہے ؟"

"میں وہ نہیں بتا سکتی پر آپ کو بہت اچھی لڑکی ملے گی،انشاءاللہ۔"

"مجھے تو آپ ہی چاہیں تھی، پر شاید اللہ کو کچھ اور ہی منظور ہے۔میں آ پ کے لئے دُعا کرو ں گا کہ آپ کو آپکا پیار مل جائے۔پر کیا میں آپکو کبھی کبھی کال کر سکتا ہوں؟"

Posted On Kitab Nagri

"جی ضرور ،اچھا میں کا ل رکھتی میں ماما بولا رہی ہیں۔اللہ خافظ۔"

"اللہ خافظ۔www.kitabnagri.com"

اگلے دن صبح وہ نماز کے بعد اپنے آپ کو تیار کرتی ہے کہ ،جو بھی ہو پر وہ آج رضوان سے جاننے کی کوشش کرئے گی کہ کیا اُس کی زندگی میں کوئی اور لڑکی تو نہیں ہے نا۔کچھ دیر بعد وہ چھت پر جاتی ہے پر اُن کا اور سویرا کا چھت ساتھ ساتھ ہوتا ہے۔اور وہ دیکھتی ہے کہ سویرا اور رضوان کچھ باتیں کر رہے ہیں۔یہ بات اُس کے لئے نا قابلِ برداشت تھی وہ نا چاہتے ہوئے بھی رضوان کو ہاتھ سے پکار کر لے جاتی ہے اور بہت ہی غصے سے رضوان کو کہتی ہے:

"میں آپکو بتا یا تھا نا وہ اچھی لڑکی نہیں ہے اُس سے دور رہے، پر آپ کو سمجھ کیوں نہیں آرہا۔"

رضوان پریشان ہے کہ یہ خوشبو کیا کر رہی ہے وہ خوشبو کو کہتا ہے کہ ،

"آخر کیا بات ہے وہ اسے کیو ں کر رہی ہے۔کیا کوئی بات ہے ؟"

"جی ہے کوئی بات ،نہیں لگتا مجھے اچھا کہ آپ کسی اور لڑکی سے بات کریں۔"

"میں تو اسے ہی ٹہل رہا تھا تو وہ آگئی اور بات کرنے لگ گئی۔"

"پیار کرتی ہوں میں آپ سے۔"

Posted On Kitab Nagri

"یہ کیا کہہ رہی ہے آپ میں کچھ سمجھا نہیں؟"

"کچھ سمجھتے ہی تو نہیں آپ۔"

"میں سمجھتا ہوں پر میں کسی اور کو پسند کرتا ہوں۔"

"جی مجھے پتا ہے آپ کو اُس سویرا سے پیار ہو گا نا ؟میں ٹھیک کہا نا۔"

"نہیں میں کسی اور سے پیار کرتا ہوں۔www.kitabnagri.com"

خوشبو بنا کچھ پوچھے کہ اگر وہ سویرا نہیں تو آخر کون ہے وہاں سے نیچے آجاتی ہے۔ پر اس میں رضوان کی کوئی غلطی نہیں ہوتی اور نا ہی خوشبو کی۔خوشبو بہت رو رہی ہوتی ہے اور خود سے کہتی ہے کیا عجیب تماشہ ہوا۔میں کسی کا دل توڑا آج، اور دیکھے کسی نے میرا دل توڑ دیا۔ایک انسا ن ہے جسے میں جانتی تک نہیں وہ مجھ سے پیار کرتا ہے ،پر میں اُس سے پیار نہیں کرتی میں کسی اور سے پیار کرتی ہوں۔اور جس سے میں پیار کرتی ہوں وہ کسی اورسے پیار کرتا ہے۔کیا قسمت ہے میری ؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خوشبو بہت اُداس رہنے لگ جاتی ہے ،پر کسی کو اندازہ نہیں ہوتا کہ وہ کس دور سے گُزر رہی ہے۔ثناء بھی اپنی مانگنی کی تیاریوں میں مصروف ہوتی ہے اور یونیورسٹی نہیں آرہی ہوتی۔اور وہ اپنی ماں کے پوچھنے پر بھی کچھ نہیں بتاتی۔یہ بات بس اُسے اور رضوان کو پتا ہوتی ہے اور وہ کسی سے کچھ شیئر بھی نہیں کرنا چاہتی۔رضوان ہر روز خوشبو سے بات کرنے کی

Posted On Kitab Nagri

کوشش کرتا ہے پر خوشبو اُس سے کو ئی بات نہیں کرتی۔رضوان کو خوشبو اچھی لگتی ہے پر اچھا لگنا اور پیار ہونا ،اس میں بہت فرق ہے۔خوشبو اپنی ماں سے کہتی ہے کہ اُسے جاب کر نی ہے۔جس پر اُس کی ماں صرف اتنا ہی کہتی ہے کہ اگر اُسے ٹھیک لگتاہے تو وہ کر لے ،کیونکہ وہ خوشبو کو ایسے اُداس دیکھ کر بہت پریشان ہوتی ہے۔رضوان جہاں کام کرتا ہے خوشبو کو بھی وہاں جاب مل جاتی ہے ،وہ اپنی توجہ رضوان سے ہٹانے کے لئے یونی کے بعد جاب کر نے کا سوچتی ہے۔پر وہاں بھی اُس کا سامنا رضوان سے ہوتا ہے۔اب خوشبو اُس کی ماں کے کہنے پر رضوان کے ساتھ ہی جاتی ،سارا دن ساتھ رہتی اور واپسی پر بھی دونوں ساتھ ہوتے۔خوشبو نا چاہتے ہوئے بھی رضوان کے بہت پاس آنے لگ جاتی ہے۔اور اس کیساتھ ساتھ سارے آفس والوں کو بھی لگ رہا ہوتا ہے کہ ان کے بیچ کچھ چل رہا ہے۔ وہاں خوشبو کے علاوہ اور بھی بہت سی لڑکیاں ہوتی ہے ، جن سے رضوان کا زیادہ فری ہو کر بات کر نا خوشبو کو اچھا نہیں لگتا۔پر وہ اُسے کچھ کہنا مناسب نہیں سمجھتی ،ی

www.kitabnagri.com

"ہاں بہت سے لڑکے بھی ہے وہ بھی اُن سے ایسے ہی بات کرئے گی۔" (وہ دل ہی دل میں ایسا سوچتی ہے پر ایسا کر نہیں پاتی)۔

Posted On Kitab Nagri

آفس میں ایک "عثمان" نام کا لڑکا ہوتا ہے جو رضوان کا دوست بھی ہوتا ہے اُسے خوشبو بہت اچھی لگتی ہے۔

"رضوان کیا تمہارے اور خوشبو میں کچھ چل رہا ہے ؟"

" نہیں ایسی کوئی بات نہیں بس یہاں تو سب کا دماغ خراب ہے ،میں بس اُن کے گھر رہتا ہوں۔جیسے ہی یہاں سے کام ختم ہو جائے میں چلا جاؤ گا۔پر عثمان تم یہ سب کیوں پوچھ رہے سب خیریت ہے نا ؟"

"کچھ نہیں بس ایسے ہی پوچھ رہا تھا۔"

ایک لڑکی آفس میں خوشبو کی دوست بن جاتی ہے اُس کا نا م" نیلم" ہوتا ہے۔دونوں ساتھ رہتی ہے بہت سی باتیں کرتی ہے۔ایک دن خوشبو اُسے بتاتی ہے کہ ،

"ایک اجنبی انسان کو اُس سے پیار کرتا ہے۔پر مجھے تو آج تک اُس کا نام بھی نہیں پتا ،اور نا ہی میں کبھی کچھ اور پوچھا اُس سے۔"

" واہ کیا بات ہے ،یہاں تو پوری نیلم کو دیکھ کر کوئی پیار نہیں کرتا اور خوشبو کی بس آواز سُن کر ہی لوگ دل دے بیٹھتے ہیں۔"(نیلم کی بات سن کر خوشبو ہنسنے لگ جاتی ہے پر وہ اس بات سے بلکل بے خبر ہوتی ہے کہ اُن کی باتیں کوئی اور بھی سُن رہا ہے)

Posted On Kitab Nagri

اُدھر عثمان خود کو روک نہیں پاتا اور رضوان کے پاس جاتا ہے۔اور اُسے کچھ بتانے کے لئے اُس کے پاس بیٹھ جاتا ہے۔میری بات کو دھیان سے سُنو ،مجھے غلط نا سمجھنا پر میں نا ،رضوان کہتا ہے جلدی بتاؤ کیا بات ہے مجھے کام بھی کرنا ہے۔

"دیکھو مجھے خوشبو بہت اچھی لگتی ہے اور میں اُس سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔کیا تم میری کوئی مدد کر سکتے ہو؟"

"عثمان میری بات سُنو ! خوشبو بہت اچھی لڑکی ہے اور میں تمہیں اُس کے ساتھ کچھ بُرا نہیں کرنے دو گا۔ہر بار تمہیں کسی نا کسی لڑکی سے پیار ہو جاتا ہے۔اور شادی بھی کرنا چاہتے ہو پر آخر میں آ کر تم کچھ اور ہی باتیں سُنا دیتے ہو۔"

"نہیں اب ایسا نہیں ہے ،میں سچ میں اُسے پسند کرتا ہوں۔"

"پر اُس کی شادی تم سے نہیں ہو سکتی۔"

"کیوں نہیں ہو سکتی؟"

"کیونکہ اُس کی مانگنی ہو چکی ہے اور اُس کی شادی بھی وہاں ہی ہو گی ،اور تم اپنا وقت ضائع نا کرو۔"

عثمان کو لگ رہا ہوتا ہے کہ رضوان جھوٹ بول رہا ہے اسی لئے وہ خوشبو سے بات کرنے کا سوچتا ہے۔پر خوشبو ان سب باتوں سے انجان اُسے بتا دیتی ہے کہ اُس کی کوئی مانگنی وغیرہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں ہوئی۔پر عثمان اس بارے میں رضوان سے کوئی بات نہیں کرتا۔اگلے دن اتوار کو چھٹی کے دن سب بیٹھ کر ناشتہ کر رہے ہوتے ہیں کی گھنٹی بجتی ہے ،خوشبو دروازہ کھولنے جاتی ہے اور وہ یہ دیکھ کر خیران رہ جاتی ہے کہ عثمان اور اُس کے ساتھ دو عورتیں اُس کے گھر کیا لینے آئی ہے۔اُن میں سے ایک عثمان کی ماں اور ایک بہن ہوتی ہے، جو خوشبو کا ہاتھ عثمان کے لئے مانگنے آئی ہوتی ہے۔وہ سب یہ دیکھ کر بہت حیران ہو جاتے ہیں کہ عثمان یہاں اپنی فیملی کو کیوں لے کر آیا ہے،پر رضوان کو اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ کس اِرادے سے یہاں آیا ہے۔رضوان عثمان سے بہت غصے میں بات کرتا ہے اور پوچھتا ہے کہ جب وہ اُسے ساری بات بتا چُکا ہے تو پھر وہ یہاں کیا لینے آیا ہے۔

(دل ہی دل میں ہنستے ہوئے)" رضوان مجھے سب پتا ہے تم زیادہ ہوشیار بننے کی کوشش نا کرو ،مجھے خوشبو نے بتایا ہے کہ اُس کی کوئی مانگنی نہیں ہوئی۔"

"دیکھو عثمان تم جس طرح دوسری لڑکیوں کے ساتھ کر چُکے ہو میں تمہیں خوشبو کے ساتھ ویسے نہیں کرنے دی سکتا۔www.kitabnagri.com"

"رضوان تم جس کام کے سلسلے میں یہاں رہ رہے ہو اگر اُس کے بارے میں خوشبو یا اُس کی ماما کو بتاؤ تو کیسا رہے گا؟"

(خوشبو نے عثمان کی بات سُن لی ،وہ روم میں آتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

"آپ کو باہر بُلا رہے ہیں۔"(وہ عثمان کی طرف دیکھ کر بولتی ہے)

رضوان بھی عثمان کے ساتھ باہر چلا جاتا ہے۔کچھ دیر بیٹھنے کے بعد عثمان کی ماں انمول کو کہتی ہے کہ وہ یہاں خوشبو کے لئے آئے ہے۔

"ہمارے بیٹے کو خوشبو بہت پسند ہے اور اُس کی خوشی میں ہماری خوشی ہے۔"

انمول کو سمجھ نہیں آ رہا ہوتا کے ہو کیا جواب دے۔کیو نکہ یہ اتنا اچانک ہوتا ہے جس کی اُسے اُمید نہیں تھی پر وہ خود کو سمبھالتے ہوئے کہتی ہے کہ وہ ابھی کچھ نہیں بتا سکتی۔

www.kitabnagri.com

"مجھے خوشبو سے بھی پوچھنا ہے کہ وہ کیا چاہتی ہے۔"

(اس پر عثمان کی ماں کہتی ہے)" جی کوئی جلدی نہیں آپ سوچ سمجھ لے۔"

انمول جس کے لئے ابھی اُس کی بیٹی چھوٹی سی بچی ہے اُس کے لئے رشتے کی بات ہورہی ،اُس کی بیٹی اُسے چھوڑ کر چلی جائے گی۔اور بھی ایسے بہت سے سوال اُس کے دماغ میں گردش کر رہے تھے۔انمول چھت پر جاتی ہے وہاں رضوان بھی کچھ پریشان بیٹھا ہوتا ہے ،رضوان اسی سوچ میں ہوتا ہے کہ اگر وہ بتا دے کہ عثمان اچھا لڑکا نہیں ہیں۔یہ بس لڑکیوں کے ساتھ ٹائم پاس کرتا ہے آج اِسے ایک پسند آ جاتی ہے اور کل دوسری ،اور پتا

Posted On Kitab Nagri

نہیں یہ خوشبو کے ساتھ کیا کرے گا مجھے اس پر یقین نہیں۔پر اگر میں یہ سب بتا دیا تو کہی وہ یہ نا بتا دے کہ میں جھوٹ بول کر یہاں روکا ہوا ہوں۔

انمو ل رضوان سے پوچھتی ہے کہ،" کیا بات ہے وہ ایسے پریشان کیوں ہے؟"

پر رضوان اُسے کچھ نہیں بتا پاتا۔پھر انمول عثمان کے بارے پوچھتی ہے کہ وہ کیسا لڑکا ہے اور خوشبو کو بھی وہ اچھا لگتا ہے کیا؟ رضوان ٹھیک طرح سے کوئی جواب نہیں دیتا بس اتنا کہہ کر بات ٹال دیتا ہے کہ ،

"آپ خوشبو سے پوچھے آنٹی کہ اُس کے دل میں کیا ہے ،اور وہ کیا چاہتی ہے وہی آپکو بتا سکتی ہے۔"

"بیٹا مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آرہی کیا کرو کیا کہو ،میری بچی اتنی بڑی کب ہو گئی۔"

رضوان انمول کو حوصلہ دیتے ہوئے کہتا ہے۔"آپ فکر نا کرئے سب بہتر ہو گا۔"

انمول خوشبو سے اس بارے بات کرتی ہے جس پر خوشبو صاف انکار کر دیتی ہے کہ وہ شادی نہیں کرنا چاہتی اُسے ابھی بہت کچھ کرنا ہے اپنی لائف میں۔صبح خوشبو یونی جاتی ہے تو کافی پریشان ہوتی ہے ،ثناء بھی آج خوشبو کی طرف توجہ دیتی ہے کہ وہ کیو ں پریشان ہے۔

Posted On Kitab Nagri

"میں کچھ دن مصروف تھی تم تو مجھے بھول ہی گئی ہو کوئی بات شیئر کرنا بھی ضروری نہیں سمجھتی۔خوشبو میری جان کیا ہوا تمہاری آنکھوں میں آنسو ،میری دوست تو ایسے نہیں کرتی وہ تو ہمیشہ خوش رہتی ہے سب کو ہنستاتی ہے۔www.kitabnagri.com"

خوشبو ثناء کے گلے لگ کر رونے لگ جاتی ہے اور اُسے کہتی ہے کہ مجھے کسی سے محبت ہو گئی ہے نا چاہتے ہوئے بھی وہ مجھے اچھا لگنے لگ گیا۔وہ انسا ن جس کے نام کے علاوہ مجھے اُس کے بارے میں کچھ نہیں پتا۔(ثناء حیران تھی کہ وہ لڑکی جو پیار کے نام سے بھی نفرت تھی وہ لڑکی کسی سے پیار کرتی ہے)

"خوشبو کون ہے وہ خوش نصیب جس سے تم پیار کرتی ہو؟"

"جان کر کیا کرو گی سچ تو یہ ہے کہ وہ مجھ سے پیار نہیں کرتا ،اُس کی زندگی میں کوئی اور ہے۔"

"کون ہے وہ ؟ تمہیں پتا ہے کیا ؟ تم مجھے بتاؤ میں دیکھ لو گی کوئی ایسے کیسے دل توڑ سکتا ہے تمہارا۔"

"مجھے نہیں پتا کون ہے وہ نا ہی مجھے جاننا ہے ،پر وہ کچھ دن کے بعد مجھ سے دوچلا جائے گا یہی بات مجھے چین نہیں لینے دیتی۔"

"کون ہے وہ اور کہاں چلا جائے گا؟"

Posted On Kitab Nagri

"وہی لڑکا جس کے بارے میں بتایا تھا کہ وہ ہمارے گھر رُوکا ہے ،رضوان۔"

"وہی نا جو اُس دن آیا تھا تمہیں یونی چھوڑنے؟"

"ہاں وہی ہے رضوان۔پتا ہے اگر وہ کسی اور سے بات کرے تو مجھے بہت بُرا لگتا ہے ،برداشت نہیں ہوتا ۔ میں کیا کرو میری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا ۔"

www.kitabnagri.com

یہ پیار تھا جو خوشبو کے سر چڑ کر بول رہا تھا ،پر کیا کرئے اُس کی سمجھ میں کچھ نہیں تھا آ رہا۔وہ سو چ لیتی ہے کہ آج وہ عثمان سے صاف بات کرے گی کہ وہ کسی اور کو پسند کرتی ہے تو وہ اپنے ذ ہن سے اُس کا خیال نکال دے۔یونی سے جب خوشبو آفس جاتی ہے تو عثمان جلدی سے اُسے ویلکم کرنے کی لئے آتا ہے پر خوشبو کا رویہ کچھ مناسب نہیں لگتا ،وہ پوچھنے کی بہت کوشش کرتا ہے پر خوشبو اُسے کچھ نہیں بتاتی اور وہاں سے چلی جاتی ہے۔

خوشبو وہاں بیٹھی رضوان کا انتظا رکر رہی ہوتی ہے۔جیسے ہی رضوان آتا ہے خوشبو اُسے کہتی ہے مجھے آپ سے بات کرنی ہے کیا آپ دو منٹ دیں گے۔رضوان حیرانی سے خوشبو کو دیکھتے ہوئے ،

"کیا بات کر نی ہے آپ کو مجھ سے عثمان ہے نا بات کرنے کے لئے آپ کو اُس سے بات کرنی چا ہیئے۔"

Posted On Kitab Nagri

خوشبو کو کچھ سمجھ نہیں آئی کہ آخر رضوان کو ہو کیا گیا ہے ،

"رضوان کیا ہوا آپ ایسے کیوں بات کر رہے ہیں ؟ آپ کے پاس بھی تو ہے نا وہ جس کے لئے آپ نے میرے پیار کو قبول نہیں کیا ،کیا میں آپ کو کچھ کہا۔جبکہ پیار میں آپ سے کرتی ہوں آپ مجھ سے نہیں۔تو پھر یہ غصہ کیوں؟"

ابھی رضوان کچھ کہنے ہی لگتا ہے کہ اُو پر سے عثمان آجاتا ہے اور اصرار کرتا ہے کہ مجھے ایک بات کرنی ہے آپ سے آپ میرے ساتھ چلو، خوشبو کچھ کہے بنا عثمان کے ساتھ چلی جاتی ہے ۔رضوان بھی چوری سے اُن کے پیچھے چلنے لگ جاتا ہے ۔

www.kitabnagri.com

عثمان کیفے میں چلا جاتا ہے جبکہ رضوان بھی اُن کے پیچھے پیچھے وہاں پہنچ جاتا ہے۔جس بات کا علم اُن دونوں میں سے کسی کو نہیں ہوتا۔عثمان کچھ دیر تو بس خاموش بیٹھا رہتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ ،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"خوشبو میں آپ کو کچھ بتانے کے لئے یہاں لایا ہوں۔دراصل بات یہ ہے کہ وہ جو اجنبی آپ کو کال کرتا ہے وہ میں ہی ہوں۔"

(خوشبو خیرانگی سے)"کیا ؟ وہ آپ ہیں مجھے یقین نہیں ہو رہا کہ آُپ وہی ہیں۔اور آپ کو کیسے پتا کہ میں ہی وہی ہو ں جس کو آپ کال کرتے ہے؟"

Posted On Kitab Nagri

"جب آپ نیلم سے بات کر رہی تھی میں آپ کی باتیں سُن لی تھی۔"

رضوان عثمان کی یہ بات سُن کر خیران رہ جاتا ہے کہ یہ کیا ہو رہاہے۔رضوان خود سے باتیں کر رہا ہوتا ہے کہ نہیں یہ سرا سر جھوٹ ہے۔اور کیا وہ لڑکی خوشبو ہے؟ میری آنکھوں کے سامنے تھی اور مجھے پتا ہی نہیں لگا۔ایسے بہت سے سوال خوشبو کے دماغ میں گُم رہے تھے۔میں کیا کروٗ میں پاگل ہو جاؤ گا یہ سب سوچ سوچ کر اور اگر وہ لڑکی خوشبو بھی ہے تو وہ عثمان پر کیسے یقین کر سکتی ہے۔خوشبو کیسے مان سکتی ہے کہ وہ لڑکا عثمان ہے۔

www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مجھے بات کر نی چاہئے خوشبو سے اُس سے پوچھنا چاہئے کہ آخر بات ہے کیا ۔رضوان اپنے دل میں سوچوں کے طوفان کو لیئے آفس کی طرف چلا جاتا ہے ،اُس کا دل بوجھل ہوا ہوتا ہے کہ کیا ہو رہا ہے ؟اور آ گے کیا ہو گا ؟میں تو اپنے ہاتھوں سے سب بر باد کر کے رکھ دیا ہے۔

ابھی رضوان اس بات کو دل پر لیئے بیٹھا ہوتا ہے کہ عثمان اور خوشبو بھی آفس میں آجاتے ہیں۔اور عثمان رضوان کے پاس آتا ہے ،ر ضوان بے اختیار عثمان کو کہتا ہے:

"تم جیسا ا نسان میں نے آج تک نہیں دیکھا ،میں تمہیں اپنا دوست سمجھا اور تم سانپ نکلے ۔اتنا بڑا دھوکا دیا مجھے، تم جانتے تھے کہ وہ خوشبو تھی۔جس کی تلاش میں یہا ں آیا ہوں وہ کو ئی اور نہیں وہی لڑکی ہے جس کے گھر میں میں رہ رہا ہوں۔یہ وہی لڑکی ہے جو

Posted On Kitab Nagri

مجھ سے پیار کرتی ہے اور مجھے کوئی خبر ہی نہیں۔جس پر میں اتنا یقین کرتا ہو میرا دوست جس کو میں اپنے دل کی ساری بات بتائی وہ سب جانتے ہوئے بھی مجھے کچھ نہیں بتاتا اور اُس کے گھر رشتہ لے کر بھی چلا جاتا ہے ، اتنا دھوکا انتہا کر دی۔"

اگلی صبح دروازے پر دستک ہوتی ہے۔رضوان جلدی سے دروازہ کھولتا ہے۔جیسے اُسے پتہ ہو کہ دروازے پر کون ہے۔

"رضوان۔۔۔۔کیسے ہو ے یار،کیا حال ہے تمھارا؟"

"علی حال چال اُوپر چل کے پوچھ لینا۔مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے۔"

"کیا بات کرنی ہے،کیوں اتنے پریشان ہو۔"

"جس لڑکی کی تلاش کے لیے میں یہاں آیا تھا وہ لڑکی مل گئی ہے۔"

"کیا۔۔۔۔(خوشی اور حیرانی کے ملے جلے اثرات میں) سچ میں،مجھے یقین نہیں آ رہا کہ وہ لڑکی مل گئی ہے۔کون ہے وہ لڑکی ،کیاں رہتی ہے؟"۔علی نے ایک ساتھ سوالوں کی بو چھاڑ کر دی۔

"ہاں۔مل گئی ہے وہ،جسے میں جگہ جگہ ڈھونڈ رہا تھا وہ مجھے اِسی گھر میں ہی ملی۔"

"رضوان اب اس طرح پہیلیاں مت بجھاؤ ،جو بھی بات ہے مجھے بتاو ،کیوں کہ اب مجھ سے صبر نہیں ہو رہا۔"

Posted On Kitab Nagri

"علی جن کہ گھر میں ہم اس وقت موجود ہیں،یہ اُسی لڑکی کا گھر ہے جس سے تمھاری بات ہوتی ہے۔"

علی کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔پہلی بار اُسے کسی سے محبت ہوئی تھی،یوں کہہ لینا بھی غلط نہیں ہو گا کہ اُسے کسی کی آواز سے اتنی زیادہ محبت ہو گئی تھی۔علی رضوان کا بہت اچھا دوست ہے۔جس کا اس دنیا میں رضوان کے علاوہ کوئی بھی نہیں ہے۔دونوں سگے بھائیوں سے بھی زیادہ ایک دوسرے کو پیار کرتے ہیں۔وہ ایک دوسرے کے لیے کچھ بھی کر سکتے ہیں۔رضوان علی کو خوشبو سے ملوانے کے لیے نیچے جا ہی رہا ہوتا ہے کہ باہر سے شور کی آواز آنے لگ جاتی ہے۔جب وہ باہر جا کر دیکھتے ہیں تو کوئی عورت خون سے لٹھ پٹھ پڑی ہوتی ہے۔www.kitabnagri.com

"انمول آنٹی۔۔۔۔۔(رضوان کے پاؤں تلے سے زمین ہی نکل جاتی ہے)۔"علی جلدی گاڑی لاؤ آنٹی کو ہسپتال لے کر جانا ہے۔جلدو کرو وقت نہیں ہے۔"

انمول بہت ہی سیریس کنڈیشن میں ہوتی ہے۔اُس کی زبان پر بس خوشبو کا نام ہوتا ہے۔مگر رضوان کو سمجھ نہیں آ رہی ہوتی کہ وہ کیسے خوشبو کو بتائے گا،کیسے سامنا کرئے گا۔مگر سب کے اصرار پر رضوان خوشبو کو یونیورسٹی سے لے آتا ہے۔خوشبو کے بار بار پوچھنے پر بھی وہ

Posted On Kitab Nagri

اُسے کچھ نہیں بتاتا۔دوسری طرف اِن تمام باتوں سے انجان خوشبو رضوان کے اس طرح اچانک آنے کا کچھ اور ہی مطلب سمجھ رہی ہوتی ہے۔

"رضوان یہ آآآآپ مجھے ہسپتال کیوں لے آئے ہے۔(گھبراہٹ کے مارے خوشبو کے منہ سے الفاظ نہیں نکل رہے ہوتے۔)

"میری بات کو دھیان سے سُنو،گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔بس آنٹی کا چھوٹا سا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔مگر وہ بلکل ٹھیک ہے،آپ پریشان نہیں ہو،اگر آپ ہی پریشان ہو جائے گی تو اُن کا خیال کون رکھے گا۔"

"مجھے سچ سچ بتائے ماما ٹھیک تو ہے نہ"۔خوشبو زارو قطار رو رہی تھی۔اُس کی ماں کے علاوہ اس دنیا میں تھا ہی کون۔www.kitabnagri.com

"وہ ٹھیک ہے،آپ بھی ایک دفعہ اُن سے مل لے آپ کے دل کو بھی تسلی ہو جائے گی۔"

ماؤں کو ہمیشہ اپنے سے پہلے اپنی اولاد کی فکر ہوتی ہے۔اسی طرح انمول کو بھی بس خوشبو کی فکر تھی۔پورا ایک مہینہ انمول کو ہسپتا ل میں لگا مگر وہ بستر پر ہی رہتی تھی۔نہ زیادہ چلا پھیرا جاتا نہ ہی زیادہ بولا جاتا تھا۔بس اب اس کی یہی تمنا تھی کہ جلدی سے خوشبو کی شادی کر دے۔تا کہ اس کے بعد کوئی تو ہو اس دنیا میں جو خوشبو کا خیال رکھ سکے۔انمول نے اپنی خواہش کا اظہار رضوان سے کیا۔کیو ں کہ انمول کہی نہ کہی جانتی تھی کہ خوشبو رضوان

Posted On Kitab Nagri

کو پسند کرتی ہے۔۔مگر رضوان نے اسے علی کے بارے بتایا کہ وہ خوشبو سے پیار کرتا ہے، اور اس سے شادی بھی کرنا چاہتا ہے۔

"بیٹا مجھے لگتا ہے کہ خوشبو تمہیں پسند کرتی ہے۔"

"آنٹی میری زندگی بہت اُلجھی ہوئی ہے،میری زندگی میں جو کچھ ہو چُکا ہے میں اُس سے نہیں نکل سکتا۔علی میرا دوست نہیں میرے بھائیوں کی طرح ہے میں آپ کو یقین دلا تا ہوں وہ آپ کی بیٹی کو بہت خوش رکھے گا۔"

"خوش تو وہ رکھے گا مگر خوشبو کیا اُس کے ساتھ خوش رہ سکے گی؟"

"خوشبو جب اُس کے پیار کو دل سے محسوس کرئے گی نہ تو وہ سمجھ جائے گی کہ علی ہی اُس کے لیے سب کچھ ہے۔آپ پریشان نہ ہو میں خوشبو سے بات کروں گا۔"

رضوان سوچوں کا طوفان اپنے اندار لیے خوشبو سے بات کرنے کے لیے جاتا ہے۔ بس اس کے دماغ میں یہ بات تھی کہ علی اور انمول کے لیے خوشبو کو کسی بھی حال میں اس رشتے کے لیےب راضی کرنا ہے۔

دروازے پر دستک ہوتی ہے۔"جی کون ہے؟"

"میں۔۔۔۔رضوان۔"

"جی آ جائے ،کچھ کام تھا کیا آپ کو مجھے بُلا لیتے آپ۔"

Posted On Kitab Nagri

"جب کام مجھے تھا تو آنا بھی تو مجھے ہی چاہیے نا۔"

"جی میں کچھ سمجھی نھیں ؟(خوشبو نے کچھ نہ سمجھ آنے والے انداز میں کہا)

"خوشبو اب جو میں بات کرنے جا رہا ہوں اُسے دھیان سے سنے۔عثمان نے آپ سے جھوٹ بولا تھا،جس اجنبی سے آپ کی کال پر اکثر بات ہوتی ہے وہ علی ہے میرا دوست۔اور میں علی کے لیے ہی آپ کو ڈھونڈنے کے لیے یہاں آیا تھا۔اور دیکھے قسمت کا کرنا کہ جس کو میں ڈھونڈ رہا تھا وہ آپ ہی تھی۔علی آپ کو پسند کرتا ہے اور وہ آپ سے شادی بھی کرنا چاہتا ہے۔اور انمول آنٹی بھی یہی چاہتی ہی،کہ جلد از جلد آپ کی شادی ہو جائے۔"

"میں نہ تو عثمان کو پسند کرتی ہو نہ ہی آپ کے کسی دوست کو،میں تو۔۔۔۔"

خوشبو کی بات ابھی پوری نہ ہوئی تھی کہ رضوان نے جلدی سے کہا،"دیکھے ہر کوئی اپنے لیے جیتا ہے مگر مزہ تو تب ہے کہ ہم زندگی کسی کے لیے جیئے۔"

"آپ کو دوسروں کے لیے زندگی جی کر کیا ملا ہے،مجھے تو آپ سے محبت ہے اور مجھے اگر اپنی زندگی کسی کے نام کرنی ہی ہے تو میں آپ کے نام کروں گی۔"

"میں سمجھتا ہوں،ابھی آپ اُس مرحلے سے گزار رہی ہیں جہاں آپ کو کچھ بھی سمجھ نہیں آئے گی۔"

Posted On Kitab Nagri

"میں کبھی کچھ نھیں سمجھنا چاہتی ،مجھے بس آپ سے محبت ہے ،مجھے بس آپ کے ساتھ رہنا ہے۔"

"اگر آپ مجھ سے اتنی ہی محبت کرتی ہے تو اُسے محبت کی قسم۔۔۔آپ آنٹی کو علی سے شادی کے لیے رضا مندی دے گی۔اور اپنی زندگی میں آگے بڑے گی۔"

خوشبو کو سمجھ نہ آیا کہ رضوان یہ کیا کہہ گیا ہے۔اپنے پیار کی اتنی بڑی قیمت مانگ لی مجھ سے ،کیا کروں میں اب۔جس سے ہمیں محبت ہو جائے اُس کے لیے ہم مر تو سکتے ہیں مگر کسی اور کے ہو جانے کا تصور بھی نہیں کر سکتے،نہ ہی اُسے کسی اور کا ہوتا دیکھ سکتے ہیں۔مگر اُسی پیار اور اپنی ماں کی محبت کے ہاتھوں مجبور ہو کر خوشبو نے علی سے شادی کے لیے رضامندی دے دی۔اور ایک مہینہ یونہی شادی کی تیاریوں میں گزار گیا۔سب بہت خوش تھے سوائے خوشبو کے۔دوسری طرف جب اس بات علم عثمان کو ہوا تو وہ آگ بگولہ ہو گیا اور رضوان سے اپنا بدلہ لینے کی ٹھان لی۔www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

یکم اکتوبر کے دن ہی خوشبو اور علی کی پہلی دفعہ بات ہوئی تھی،اسی لیے آج ایک سال بعد اُسی تاریخ کو اُن کی شادی تہ پائی۔سارے انتظام خود رضوان کر رہا تھا۔رضوان سب کچھ کر رہا تھا سوائے خوشبو کا سامنا کرنے کہ،سارے کام خوش اسلوبی سے ہو گئے۔نکاح کی رسم ہوئی سب نے ایک دوسرے کو مبارک دی۔رخصتی سے پہلے خوشبو نے اپنے والد کی قبر پر جانے کا اصرار کیا،تو سب اُس کو لے کر قبر ستان کی طرف چل دیئے۔علی کو اچانک کوئی ضروری کال آگئی ،اس لیے اُس نے کہا آپ چلے میں کال سن کر آپ کے پیچھے ہی آ جاتا ہوں۔www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

علی فون کو کان کے ساتھ لگائے چھت پر جانے لگا،غصے میں بھڑکا ہو عثمان ہاتھ میں ڈنڈا لیے علی کے سامنے کھڑا ہو گیا۔اور اس کے سر پر اتنے زور سے مارا کہ وہ وہی گر پڑا۔سب علی کا انتظار کر کہ وآپس آگئے۔خوشبو گھر میں داخل ہوتے ہی زور سے چیخنے لگ گئی۔سب بھاگ کر آئے ،آگے تو منظر ہی بدل گیا ہوا تھا۔علی مدہوش فرش پر پڑا اپنی آخری سانسیں لے رہا تھا۔جلدی سے ایمبولینس منگوائی اورسب علی کو ہسپتال لے کر چلے گئے۔چوٹ اتنی گہری لگ چکی تھی کہ علی کا بچنا مشکل لگ رہا تھا۔وہ علی جو کچھ لمحے پہلے تک دولہا بنا بیٹھا تھا اب وہ اپنی آخری سانسیں لے رہا تھا۔

علی نے خوشبو کا ہاتھ پکڑا اور کچھ کہنے لگا کہ خوشبو نے کہا ،"آپ مت بولے آرام کریں ، ابھی ہم ہسپتال پہنچ جاتے ہیں۔"

"نہیں خوشبو اب اتنا وقت نہیں۔مگر خوشی ہے اس بات کی کہ آپ کے ساتھ شادی کی خواہش پوری ہو گئی ہے۔مگر دُکھ ہے اس بات کا کہ زندگی نے ساتھ رہنے کی مہلت ہی نہ دی۔رضوان نے میرے لیے بہت کچھ کیا ہے۔میرے بعد آپ اُس کا خیال رکھنا،اُس کا کوئی نہیں میرے سوا۔"

"آپ کو کچھ نہیں ہو گا فکر نہ کریں۔بس ہم پہنچ گئے ہیں۔"

"----علی---ع--ع--ع--علی کچھ بولے چُپ کیوں کر گئے ہیں۔"

Posted On Kitab Nagri

خوشبو کا کلیجہ پھٹ گیا،ساری دینا لُٹ گئی۔وہ خوشبو جسے دولھن بنے کچھ لمحے گزرے تھے اُس کی خوشی کسی کے انتقام کی نظر چڑھ گئی۔صبح جس گھر سے دولی اٹھنی تھی ،شام کو وہاں سے جنازہ اُٹھ گیا۔علی کو سُپردِ خاک کرنے کے بعد رضوان صدمے میں چلا گیا۔دوسری طرف خوشبو کو لوگوں نے باتیں کی ،کہ خوشبو ہے ہی بد قسمت اس کی زندگی میں کبھی خوشی نہیں آ سکتی۔انمول نے خوشبو کو بہت سمجھایا کہ لوگو ں کا کیا ہے ان کا کام ہی صرف باتیں کرنا ہے۔یہ نہیں سمجھتے کہ سامنے والے کہ دل پر کیا گزار رہی ہے۔

ہمارے معاشرے کے لوگوں پاس اپنے آپ کو نہیں دیکھنے کے لیے وقت نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی ،مگر دوسروں کی زندگیاں حرام کرنے لے لیے ان کے پاس بہت وقت ہوتا ہے۔بس یہی خوشبو کے ساتھ ہوا۔اب تو علی کے ساتھ ساتھ اُس کے والد کی موت کی ذُمے دار لوگو نے خوشبو اور اُس کی قسمت کو ٹھہرا گیا۔اب خوشبو کے دن رات ایک ہی کمرے میں بند ہو کر گزر رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انمول نے ان سب باتوں کو مند نظر رکھتے ہوئے رضوان سے بات کی ،کہ وہ خوشبو سے شادی کر لے۔بہت ہی اصرار کے بعد انمول رضوان کو شادی کے لیے منا لیتی۔جیسے ہی رضوان شادی کے لیے مان گیا انمول کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔وہ خوشبو کے کمرے میں گئی اور اسے کہا:

Posted On Kitab Nagri

"خوشبو تم پریشان مت ہو ،تمہاری قسمت بہت اچھی ہے۔تمہیں تو تمہارا پیار مل رہا ہے، رضوان تیار ہے تم سے شادی کرنے کے لیے۔اُٹھو خوشبو میرے گلے لگو ،-----خوشبو-------"

خوشبو کی طرف سے کوئی بھی جواب نہ ملنے پر انمول نے کرسی پر بیٹھی خوشبو کو ہاتھ لگایا کر ہلایا ،تو اُس کا جسم کسی سکھی لکڑی طرح سخت پایا،جو دھرم سے زمین پر گر گیا۔ایسے ہو گئی تھی وہ جسے ابھی ہاتھ لگائے گے تو توٹ جائے گی۔اُس کا جسم ٹھنڈا پر چُکا تھا۔وہ اس دنیا اور اس دنیا کی باتوں سے آزاد ہو چکی تھی۔----------

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

